© rasailojaraid.com

بیداری کا خطرہ سمجھتے ہوئے اس رجحان کو قوت کے زور سے دبانا چاہا اور ڈاڑھی پر ٹیکس لگا دیا۔ نثار علی کے گروہ نے ٹیکس دینے سے انکار کر دیا کشمکش بڑھی، محاذ آرائی کی صورت پیدا ہو گئی۔ نثار علیؒ نے ہزاروں ساتھیوں اپنے گاؤں میں مورچہ بندی کر لی اور ارد گرد کے علاقہ پر قبضہ کر کے انگریزی اقتدار کے خاتمہ اور مسلمانوں کی حکومت کے قیام کا اعلان کر دیا۔

ہزاروں مجاہدین کے ساتھ نثار علیؒ نے یلغار شروع کی۔ انگریزی فوج اس کا سامنا نہ کر سکی اور بالآخر کلکتہ سے کمانڈر الیگزنڈر کی قیادت میں انگریزی لشکر مقابلہ کے لیے آیا اور اسے بھی شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ اس کے بعد کلکتہ سے دوسرا انگریزی لشکر آیا اور اس سے مقابلہ کرتے ہوئے نثار علیؒ نے جو اب تیتو میر کے لقب سے مشہور ہو چکے تھے جام شہادت نوش کیا اور ان کے متعدد ساتھیوں کو گرفتار کر کے بعد میں پھانسی دے دی گئی۔ امیر المومنین سید احمد شہیدؒ نے بالاکوٹ میں مئی ۱۸۳۱ء میں جام شہادت نوش کیا جبکہ ان کے تحریک کے بنگالی مجاہد نثار علی عرف تیتو میرؒ اسی سال نومبر یا دسمبر میں فردوس شہادت سے ہمکنار ہوئے۔

## فئی اور غنیمت کا فرق

سوال: قرآن کریم میں غنیمت اور فئی دونوں کا ذکر کیا گیا ہے ان دونوں میں فرق کیا ہے؟ رشید احمد دوبئی

جواب: غنیمت اور فئے دونوں کفار سے حاصل شدہ مال کو کہتے ہیں لیکن فرق یہ ہے کہ جو مال اور سامان میدانِ جنگ میں مقابلہ کے ساتھ کفار سے وصول ہو وہ غنیمت کہلاتا ہے اور جو مال و سامان مسلمانوں کے لشکر سے مرعوب ہو کر لڑائی کے بغیر کفار چھوڑ کر چلے جائیں اسے فئی کہتے ہیں یا جنگ کی صورت میں کفار کی جو زمین مسلمانوں کے قبضے میں آئے اور اسے بعد میں کفار ہی کے قبضہ میں چھوڑ کر ان پر جزیہ یا خراج عائد کر دیا جائے تو یہ آمدنی بھی فئی شمار ہوتی ہے۔ غنیمت اور فئی میں دوسرا فرق یہ ہے کہ قرآن کریم کے حکم کے مطابق غنیمت کا ایک خمس بیت المال کے لیے الگ کر کے باقی مال مجاہدین میں تقسیم کیا جاتا ہے جبکہ فئی سارے کا سارا بیت المال کا حق ہے اور بیت المال کی تحویل میں جانے کے بعد بیت المال کے مقرر کردہ اصول و ضوابط کے مطابق اسے صرف کیا جاتا ہے۔

مذاہب عالم کے تحقیقی اور علمی مطالعہ کا علمبردار

مدیر: محمد اسلم رانا

ماہنامہ المذاہب لاہور

سالانہ زرِ تعاون: -/۴۰ روپے

ایک تبلیغی اور تربیتی جریدہ مطالعہ فرمائیں اور ان حقائق سے آگاہ ہوں جن تک ہماری رسائی نہیں ہے۔

پتہ: محمد اسلم رانا دفتر ماہنامہ "المذاہب" برائے تحقیق مسیحیت ملک پارک شاہدرہ لاہور



© rasailojaraid.com